۲۲۰۸۸۶

ادعوني استجب لكم

الحمد لله الوهاب کہ این کتاب مستطاب شرح حزب البحر نامیدہ



حسب فرمایش تاجر ذیشان جناب حاجی سید حسان صاحب تاجر کتب پٹنہ

در مطبع منشی محمد حسین الحق بهادر طبع شد

۱۰۰ جلد ۱۸۹۲ء قیمت فی جلد ۶



بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي قال ادعوني استجب لكم ومنه الهداية
والاصابة والصلوة على رسوله الذي قال ادعوا الله
وانتم موقنون بالاجابة ۞ والسلام على اله وعترته
وخلفائه الاربعة وسائر الصحابة ۞ اما بعد
اميدوار رحمت رب الفلق فقير محمد محفوظ الحق واصل قادري
عظيم آبادي بن حضرت سيد شاه ابو الحسن قدس سره ساكن موضع

حاجی[۹۸] چک پرگنہ سنوت ضلع گیا بن حضرت سید بہادر[۹۹] علی مرحوم بن
حضرت سید محمد[۱۰۰] واصل[۱] بن حضرت سید شاہ نعمت اللہ[۲] بن حضرت سید شاہ
عبداللہ[۳] عرف سید شاہ دومن[۴] بن حضرت سید شاہ قاضی احمد[۵] بن حضرت
سید قاضی مبارک[۶] بن حضرت سید قاضی محمود[۷] بن حضرت سید قاضی عیسیٰ[۸] بن
حضرت سید قاضی حسین[۹] بن حضرت سید قاضی ابوالحسن[۱۰] بن حضرت سید
قاضی فیض اللہ[۱۱] بن حضرت سید قاضی داؤد[۱۲] بن حضرت سید قاضی محمد باقر[۱۳]
بن حضرت سید شاہ قاضی جعفر[۱۴] عرف سید قاضی فیروز[۱۵] بن حضرت سید
شاہ قاضی جنید[۱۶] بن حضرت سید شاہ قاضی مبارک[۱۷] بن حضرت سید
شاہ[۱۸] محمود[۱۹] بن حضرت سید شاہ احمد[۲۰] بن حضرت سید شاہ اسمٰعیل[۲۱]
بن حضرت سید شاہ محمد[۲۲] بن حضرت سید شاہ جلال الدین[۲۳] بن
حضرت سید شاہ جمال الدین[۲۴] بن حضرت سید شاہ بہاؤ الدین[۲۵] بن
حضرت سید شاہ رکن الدین[۲۶] بن حضرت سید شاہ بدر الدین[۲۷] بن حضرت
سید شاہ نور الدین[۲۸] بن حضرت سید شاہ قمر الدین[۲۹] عرف محمد ماہ[۳۰] بن
حضرت سید شاہ رکن الدین جہان گشت[۳۱] بن حضرت سید شاہ حسن[۳۲]
بن حضرت سید شاہ درویش[۳۳] بن حضرت سید شاہ محمد[۳۴] بن حضرت
سید شاہ قطب الدین ساکن حصار[۳۵] بن حضرت سید شاہ جہانگیر[۳۶] بن
حضرت سید شاہ محمد باقر[۳۷] بن حضرت سید شاہ عالم[۳۸] بن حضرت سید

شاہ حاجی[51] فتح اللہ[52] بن حضرت سید شاہ محمد[53] بن حضرت سید شاہ جنید[54] بن حضرت سید شاہ حاجی بدر الدین[55] بن حضرت سید شاہ حاجی شمس[56] الدین[57] بن حضرت سید شاہ حسین[58] بن حضرت سید شاہ مبارک[59] بن حضرت سید شاہ نصیر الدین[60] بن حضرت سید شاہ محمد[61] بن حضرت سید شاہ کمال الدین[62] بن حضرت سید شاہ ابو الفرح[63] بن حضرت سید شاہ احمد[64] بن حضرت سید شاہ ظہیر الدین[65] بن حضرت سید شاہ محمد یوسف[66] بن حضرت سید شاہ سیف الدین[67] بن حضرت سید شاہ حسین[68] بن حضرت سید شاہ جعفر علی[69] بن حضرت سید امام مامون[70] دیناج[71] بن حضرت سید امام جعفر صادق[72] بن حضرت سید امام باقر علیہ السلام بن حضرت سید امام زین العابدین[73] علیہ السلام بن حضرت سید امام حسین[74] علیہ السلام بن حضرت سید اسد اللہ غالب علی[75] بن ابیطالب علیہ السلام۔ **و منبیسہ** قطب الاقطاب مولانا حضرت سید شاہ عبد الوہاب احمدی المعروف حضرت سید شاہ دیدار علی[76] حسنی الحسینی متوطن قصبہ دارانگر منجملہ مواضعات بارہ بن حضرت سید شاہ نیاز محمد[77] بن حضرت سید شاہ محمود[78] بن حضرت سید شاہ قطب الدین[79] بن حضرت سید شاہ احمد[80] بن حضرت سید شاہ عبد الرحمان[81] بن حضرت سید شاہ جمال الدین[82] بن حضرت سید شاہ سراج الدین[83] بن حضرت سید

شاہ حمید الدینؒ بن حضرت سید شاہ قمیص قادریؒ بن حضرت سید
شاہ حیات قلندر قادریؒ بن حضرت سید شاہ تاج الدین قادریؒ
بن حضرت سید شاہ بہاؤ الدین قادریؒ بن حضرت سید شاہ جلال
الدین قادریؒ بن حضرت سید شاہ داؤد قادری بغدادیؒ بن
حضرت سید شاہ ابو عبداللہ قادریؒ بن حضرت سید شاہ ابو صالح
نصر قادریؒ بن حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادریؒ بن حضرت
سید شاہ شیخ المشائخ محبوب سبحانی غوث صمدانی سید ابو محمد محی الدین عبد
القادر جیلانیؒ بن حضرت سید شاہ ابو صالح زین الدین محمدؒ بن
حضرت سید شاہ ابو عبداللہ جبلیؒ بن حضرت سید شاہ یحییٰ زاہدؒ بن
حضرت سید شاہ محمدؒ بن حضرت سید شاہ داؤدؒ بن حضرت سید
شاہ موسیٰ ثانیؒ بن حضرت سید شاہ عبداللہؒ بن حضرت سید شاہ
موسیٰ الجونؒ بن حضرت سید شاہ عبداللہ المحضؒ بن حضرت سید
امام حسن مثنیٰ علیہ السلام بن حضرت سید امام حسن علیہ السلام بن
حضرت سید اسداللہ الغالب علی بن ابی طالب علیہ السلام۔

حضرات ناظرین پُر تمکین کے خدمت با برکت مین گذارش
کرتا ہے کہ جو دعائین سینہ بسینہ اپنے بزرگان سلف سے چلی
آئی ہین اور تجربے مین بہی ٹہیک ہوتی گئی ہین منجملہ اونکے

دعاے حزب البحر ہے جسکے مزاولت کو چودہ برس سے زائد ہوئے اس سے بہت کچھہ فیض و برکت پاتا ہون اور ہر طرح کی منفعت اوٹھاتا ہون اب اس نعمت غیر مترقبہ کو لوح محفوظ نام رکھکر ہدیہ حضرات ناظرین باتمکین کرکے امید کرتا ہون کہ جو حضرات اپنے مراد کو پہونچین حقیر کو دعاء خیر سے یاد فرمائین یہ کتاب ایک مقدمہ اور پانچ قسمون پر منقسم ہے احکام دعاے اعتصام دعاے حزب البحر دعاے اختتام تکملہ۔

مقدمہ

وجہہ تسمیہ دعاے حزب البحر یہ لکھی ہے کہ حضرت شیخ ابوالحسن علی شاذلی رحمہ اللہ تعالے مولف دعاے حزب البحر قاہرہ مین رونق افروز تھے جب حج کے دن قریب پہونچے تو رفیقون سے آپ نے فرمایا کہ مجھکو غیب سے الہام اس سال حج کرنے کا ہوا ہے کوئی جہاز مقرر کرو رفیقون نے ہر چند تلاش کیا کوئی جہاز حسب دلخواہ نہ پایا لیکن ایک جہاز پیر نصرانی کا ٹھہرا اوسپر سوار ہوئے لنگر جہاز اوٹھا عمارات قاہرہ سے وہ جہاز کچھہ آگے بڑہا تھا کہ باد مخالف چلنے لگی حتی کہ بڑھ نہ سکا ایک ہفتہ تک

نام حضرت شیخ ابوالحسن نورالدین ابوالحسن علی بن عبداللہ بن عبدالجبار المغربی الشاذلی الیمنی ہی ساکن سکندریہ علیہ الرحمہ مین آپ نے انتقال کیا اور کوہ شاذلہ کے صحرا مین کہ پانی اوسکا شور رہتا مدفون ہوئی یہ برکت وجود باجود حضرت

قدس سرہ کی تھی کہ جس صحرا مین آپ کا انتقال ہوا اور بعضون نے کہا کہ آپ مصر مین مدفون ہوئے اور بعضون نے کہا کہ آپ کا انتقال حمیثرہ مین ہوا واللہ اعلم

قریب قاہرہ ٹھہرا رہا منکرون نے زبان طعن کھولی آپ فرماتے
تھے کہ اس سال مجکو الہام حج کرنیکا ہوا ہے حالانکہ اب چند دن
حج کے باقی رہ گئے ہین اور ہملوگ باد مخالف مین پڑے ہین
شیخ علیہ الرحمۃ کو اس کلام کے سُننے سے تشویش خاطر پیدا ہوئی
آپ نے قیلولہ کیا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب
مین دیکھا حکم اس دعا کے پڑہنے کا ہوا جب بیدار ہوئے اس
دعاے حزب البحر کو پڑہنا شروع کیا کہ یکایک باد موافق چلی
لنگر جہاز اوٹھا بات کی بات مین منزل مقصود کو پہونچے لڑکے
پیر نصرانی کے مسلمان ہو گئے وہ پیر نصرانی آزردہ خاطر ہوا شبکو
اوسنے خواب مین دیکھا کہ شیخ علیہ الرحمہ ساتہ شوکت کے بہشت مین
تشریف لئے جاتے ہین اور وہ لڑکے بہی ہمراہ ہین اوس پیر نصرانی
نے بہی قصد ہمراہ جانیکا کیا ملائکہ نے کہا کہ تو ابہی ساتہہ انکے
جانے کے قابل نہین ہے صبحکو وہ پیر نصرانی بہی مشرف باسلام
ہوکر صاحب مقامات عالیہ ہوا۔

احکام

پہلا حکم عمل کرنے کے پہلے اپنے مقصد کے موافق مہینا اور
روز اور وقت سعد ونحس وغیرہ کہ جنکا ذکر آگے آئے گا پورے

طور پر سمجھ لے۔

دوسرا حکم جس شخص کو عمل کرنا مقصود ہو تو پہلے بسم اللہ پڑھکر وضو کرے اور دو رکعت نفل ادا کرکے ایکدفعہ سورہ فاتحہ اور تین بار سورہ اخلاص اور دس بار درود شریف پڑھکر ان حضرات کو جنکے نام نامی و اسمائے گرامی اس کتاب مین لکھے گئے ہین اسکا ثواب بخشے۔

تیسرا حکم عمل کرنیوالے کو لازم ہے کہ بحضور قلب جمیع خیالات و تعلقات دنیاوی کو دفع کرکے خشوع و خضوع کے ساتھ کسی طریقہ کے موافق زکوٰۃ ادا کرکے ایکدفعہ روزمرہ دعای حزب البحر کا وظیفہ رکھے اگر ایک روز بھی حزب البحر کا دور ترک ہوجائے تو پھر زکوٰۃ ادا کرے۔

چوتھا حکم اگر کسی شخص کو زکوٰۃ ادا کرنے مین دقت ہو تو بتوکل علی اللہ بلا زکوٰۃ بھی دعای حزب البحر پڑھ سکتا ہے۔

پانچوان حکم بلا اجازت کسی عامل متقی کے اسکے پڑھنے مین سبقت نکرے تاکہ خطرہ نہ اوٹھائے۔

فائدہ

حزب البحر کے پڑھنے کی اجازت اس فقیر کو پانچ بزرگون سے

ی ہے اور ہر ایک کا طریقہ زکوٰۃ لینے کا جداگانہ ہے۔

پہلی اجازت

حضرت والد ماجد سید شاہ ابوالحسن قدس سرہ سے اور اونکو حضرت سید شاہ مولینا حکیم مظہر احمدی بیتھوی قدس سرہ سے حاصل ہوئی ہے اور طریقہ زکوٰۃ دینے کا یون ارشاد ہوا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کے پہلی بدھ کو عصر کے وقت دریا یا تالاب کے پانی سے غسل کرکے کپڑا طاہر پہنکر عطر لگاکر کسی مسجد مین بہ نیت اعتکاف سہ روزہ واسطے زکوٰۃ دینے دعاے حزب البحر کے قبل نماز مغرب داخل ہو اور قبلہ رُخ بیٹھکر تین بار درود پھر پانچ مرتبہ حصار پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھکر انگشت شہادت دست راست پر پھونک کر ذہنی حلقہ اپنے چارون طرف باندھکر تین مرتبہ حصار کرے یعنی انگشت شہادت کو گھومائے۔

حصار

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حَوْلَنَا حِصَارٌ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ قُفْلٌ رَسِمَارٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ صد ہزار بار گرد من و گرد دوستان من حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بر من و بر دوستان من یار باد بستم دل و جان و زبان و دست و پاے و عقل و ہوش

ع علی ہذا حصار کی تین بار تکرار سات دن تک بعد عشاء بانسوبار بعد ہر نماز پنجگانہ اور سات روزہ کیجاے اور ہر بار کے بعد ایک ایک دانہ جو یا چنا کا ایک ایک کونہ پر رکھتا جاے اور ان دانون کو ایک جگہ جمع کرکے ایک کپڑے مین باندھکر رکھ چھوڑے اور ان دانون کو کسی کو نہ دے کسی جانور کو کھلا دے یہ حصار حضرت سید شاہ ابوالحسن صاحب قبلہ کا مجرب ہے از مظہر اسحق غفر اللہ ذنوبہ بلاورخورد مؤلف ہذا

وگوش کسانیکہ درہیزدہ ہزار عالم انداز آدمیان ودیوان وپریان
وخداناترسان وناحقان وناشاکران وکسانیکہ مارا ودوست مارا
بدخواہ اند وبدبینند وبداندیشند بحرمت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُہر
کردم بنام مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ قَوْلًا وَفِعْلًا اِنَّ بَطْشَ
رَبِّکَ لَشَدِیْدٌ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِھِمْ مُّحِیْطٌ ۝ بَلْ
ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ صُمٌّ بُکْمٌ
عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ۝ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ
صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَتَکَلَّمُوْنَ ۝ صُمٌّ بُکْمٌ
عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ درود شریف اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ پھر مغرب کی
نماز پڑہکر باطمینان خاطر خشوع وخضوع کے ساتہ مجرد دعاے
حزب البحر کو بصحت تمام پڑہے اسیطرح ہر نماز کے بعد تین دن
تک یعنی شنبہ کے مغرب تک ایک ایک مرتبہ پڑہا کرے۔ پھر
ایک مرتبہ دعاے علوی پڑہکر مسجد سے باہر آئے اور وقت معین
کرکے ایک مرتبہ روزانہ حزب البحر معہ دعاے علوی پڑہا کرے
اور حالت نصاب مین سواے ممنوعات شرعیہ کے کسی چیز سے

تصنیف قلب کیواسطے
بہت عمدہ ہے اگر جنکو
ممکن ہو نماز اول وقت
پڑہا کرین

پرہیز نہیں ہے۔

دعاء علوی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَاٰلِ

اے اللہ درود بھیج اوپر سردار محمد نبی اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ النُّجُوْمِ فِي السَّمٰوٰتِ

سردار محمد پر باندازہ ستارہائے آسمان کے

وَبِعَدَدِ اَلْطَافِكَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

اور باندازہ اپنے اوس الطاف کے جو سردار محمد اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ

سردار محمد پر اور اپنے کل معلومات کے عدد کے موافق

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسِيْنَ

سلام تمپر اے ارواح مقدسین

اَعِيْنُوْنِيْ وَاَغِيْثُوْنِيْ بِقُوَّةِ الْوِلَايَةِ وَانْظُرُوْنِيْ

میری اعانت کرو اور میری فریاد کو پہونچو ولایت کے زور سے اور میرے

حَاجَاتِيْ كُلَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ

کل حاجتون کو نظر کرو اے قاضی حاجات

اِرْفَعْ دَرَجَاتِيْ يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ اَكْرِمْنِيْ

میری درجات بلند کر اے درجون کے بلند کرنیوالے مجکو مکرم

یا ۱۲ مرتبہ یا ۱۱ مرتبہ یا ۱۰ مرتبہ یا ۳ مرتبہ یا ۱ مرتبہ
ذوالجلال کرنے سے عجائب وغرائب قدرت الٰہی معائنہ ہوتے ہیں اور
سلاطین و امراء و حکام و اہل دول و مناصب کی نہایت ہی نافع ہے
مؤلف

وَاَعِزَّنِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْاَوْقَاتِ وَالْاَوَانِ وَ

اور عزیز بنا کل اوقات اور زمانہ اور

الْمَکَانِ عِنْدَ جَمِیْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ الرُّوْحَانِیَّاتِ

مکان مین نزدیک جمیع مخلوقات روحانیہ کے

مِنَ الْعُلْوِیَّاتِ وَالسِّفْلِیَّاتِ السَّمَاوِیَّةِ وَ

جو علویات اور سفلیات سماویہ و

الْاَرْضِیَّةِ اَجِبْ بِرَجَالِ الْغَیْبِ وَالْاَرْوَاحِ

ارضیہ کے قسم سے مین دعا میری قبول کر غیب الون اور ارواح

الْمُقَدَّسَةِ سَخِّرْهُمْ وَجَلِّبْهُمْ وَلَیِّنْهُمْ وَ

مقدسہ کے باب مین اون سبکو مسخر کردی اور کھینچ لادی اور نرم دل بنادی اور

دُلَّ قُلُوْبَ جَمِیْعِ مَخْلُوْقَاتِ الرُّوْحَانِیَّاتِ

راہ دکھادے قلوب کو جمیع مخلوقات روحانیہ کے

مِنَ الْعُلْوِیَّاتِ وَالسِّفْلِیَّاتِ السَّمَاوِیَّةِ وَ

جو علویات اور سفلیات سماویہ اور

الْاَرْضِیَّةِ مِنَ الْمَلَائِکَةِ الْمُقَدَّسِیْنَ

ارضیہ کے قسم سے ہین یعنی ملائکہ مقدسین

وَمِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ جَمِیْعِ بَنِیْ اٰدَمَ وَ

اور جن اور انسان اور کل ابناے بنی آدم اور

بَنَاتِ حَوَّا کُلِّهِمْ اَجْمَعِیْنَ وَیَا نُقْبَا وَیَا نُجَبَا

دختران حوّا اور

وَيَا رُقَبَا وَيَا اَبْرَارُ وَيَا اَخْيَارُ وَيَا اَبْدَالُ وَيَا اَوْتَادُ

وَيَا عُبَّادُ وَيَا زُهَّادُ وَيَا عَمَلُ وَيَا قُطْبُ وَيَا غَوْثُ

وَيَا قُطْبُ الْاَقْطَابِ وَيَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ

اَعِيْنُوْنِيْ وَاَغِيْثُوْنِيْ بِقُوَّةِ الْوِلَايَةِ وَانْظُرُوْنِيْ

میری مدد کرو اور میری استغاثہ سنو مجھ کو اپنی ولایت کی زور سے اور دیکھو

بِنَظَرِ الْاِسْتِعْدَادِ بِحُرْمَةِ النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ

نظر استعداد سے بحرمت النبی محمدؐ کے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَ

رحمت بھیجے اللہ اوپر اور اونکے آل اور اصحاب اور اتباع پر اور

بَارَكَ وَسَلَّمَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

برکت اور سلام نازل کر بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَبِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَبِحَقِّ

و بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور بحق

الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓرٰ الٓمٓرٰ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ

يٰسٓ صٓ حٰمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ نٓ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اپنی رحمت کی ہوئی اے ارحم الراحمین

دوسری اجازت

حضرت پیر و مرشد حاجی الحرمین شریفین مولینا مولوی سید شاہ راحت حسنین قدس سرہ سے اور اونکو حضرت مولینا شیخ المشایخ شاہ سید غلام حسین بتیہوی رحمہ اللہ سے اور اونکو حضرت صوفی سید شاہ روشن علیؒ سے اور اونکو حضرت صوفی سید شاہ محمد دایم قادریؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ ابو طاہر محمد کردی مدنیؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ احمد نخلیؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ محمد بابلیؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ سالم سنہوریؒ سے اور اونکو حضرت مولینا نجم الغبطیؒ سے اور اونکو شیخ الاسلام حضرت زکریاؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ العز عبد الرحیمؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ تاج الدین عبد الوہاب سبکیؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ تقی علی سبکیؒ سے اور اونکو حضرت شیخ بن عطار اللہؒ سے اور اونکو حضرت شیخ احمد مرسیؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ ابو الحسن شاذلی رحمہ اللہ سے حاصل ہوئی ہے اور طریقہ زکوٰۃ دینے کا یون حکم ہوا ہے کہ کل شرایط مذکورہ بالا بغیر حصار ادا کرکے دعای حزب البحر شروع کرے بعد ختم ہفتم رفعت

یعنی دور کیا میں نے

بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی کُلَّ بَلَاءٍ وَّقَضَاءٍ یَّجِیْءُ مِنْ هٰذِهِ

بحکم خدائے تعالیٰ ہر بلا وقضا کو کہ آتی ہے

الْجِهَاتِ السِّتِّ تَاْمَنُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی مِنْ

چھ طرف سے نگاہ رکھے یہ حرز بحکم خدائے تعالےٰ

جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ بھی پڑھ لے اور بعد اختتام

ساری آفتوں اور مصیبتوں سے

دعای حزب البحر اس دعا کو پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ فَمَنْ یَّدْعُ الْعَبْدُ

اے اللہ تو رب ہے اور میں بندہ ہوں پس کسکو بندہ پکارے

اِلَّا الرَّبَّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ

سیوا اے رب کے اے اللہ تو خالق ہے اور میں مخلوق

فَمَنْ یَّدْعُ الْمَخْلُوْقُ اِلَّا الْخَالِقَ یَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ

پس کسکو پکارے مخلوق سیوائے خالق کے اے رب اے اللہ

اَنْتَ الْمَالِكُ وَاَنَا الْمَمْلُوْكُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَمْلُوْكُ

تو مالک اور میں مملوک پس کسکو پکارے مملوک

اِلَّا الْمَالِكَ یَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّزَّاقُ وَاَنَا

سیوائے مالک کے اے رب اے اللہ تو رزاق اور میں

الْمَرْزُوْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَرْزُوْقُ اِلَّا الرَّزَّاقَ یَا رَبِّ

مرزوق پس کسکو پکارے مرزوق سیوائے رزاق کے اے رب

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ وَاَنَا الْمَقْدُوْرُ فَمَنْ يَّدْعُ

اے اللہ تو قادر اور میں مقدور پس کسکو پکارے

الْمَقْدُوْرُ اِلَّا الْقَادِرَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاعِثُ

مقدور سیوائے قادر کے اے رب اے اللہ تو باعث

وَاَنَا الْمَبْعُوْثُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَبْعُوْثُ اِلَّا الْبَاعِثَ

اور میں مبعوث پس کسکو پکارے مبعوث سیوائے باعث کے

يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَنِيُّ وَاَنَا الْفَقِيْرُ فَمَنْ

اے رب اے اللہ تو غنی اور میں فقیر پس کسکو

يَّدْعُ الْفَقِيْرُ اِلَّا الْغَنِيَّ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

پکارے فقیر سیوائے غنی کے اے رب اے اللہ تو

الْقَوِيُّ وَاَنَا الضَّعِيْفُ فَمَنْ يَّدْعُ الضَّعِيْفُ

قوی اور میں ضعیف پس کسکو پکارے ضعیف

اِلَّا الْقَوِيَّ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَيُّوْمُ وَاَنَا

سیوائے قوی کے اے رب اے اللہ تو قایم اور میں

الزَّائِلُ فَمَنْ يَّدْعُ الزَّائِلَ اِلَّا الْقَيُّوْمَ يَا رَبِّ

فانی پس کسکو پکارے فانی سیوائے قایم کے اے رب

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَفُوْرُ وَاَنَا الْمُذْنِبُ فَمَنْ يَّدْعُ

اے اللہ تو غفور اور میں گنہگار پس کسکو پکارے

الْمُذْنِبُ اِلَّا الْغَفُوْرَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَفُوُّ

گنہگار سیوائے غفور کے اے رب اے اللہ تو عفو ہے

وَاَنَا الْمُسِيْٓءُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُسِيْٓءَ اِلَّا الْعَفُوَّ يَا رَبِّ

اور مین بدکار پس کسکو پکارے بدکار سیوائے عفو کے اے رب

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّحِيْمُ وَاَنَا الْخَاطِئُ فَمَنْ يَّدْعُ الْخَاطِئَ اِلَّا الرَّحِيْمَ

ای اللہ تو رحیم اور مین خطاوار پس کسکو پکاری خطاوار سیوای رحیم کے

يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الدَّيَّانُ وَاَنَا الدَّائِنُ فَمَنْ

ای رب ای اللہ تو دیان اور مین داین پس کسکو

يَّدْعُ الدَّائِنُ اِلَّا الدَّيَّانَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ

پکارے داین سیوائے دیان کے ای رب اے اللہ

اَنْتَ الْمُغِيْثُ وَاَنَا الْمُسْتَغِيْثُ فَمَنْ يَّدْعُ

تو مغیث اور مین مستغیث پس کسکو پکارے

الْمُسْتَغِيْثُ اِلَّا الْمُغِيْثَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

مستغیث سیوائے مغیث کے اے رب اے اللہ تو

الْمُجِيْرُ وَاَنَا الْمُسْتَجِيْرُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُسْتَجِيْرَ اِلَّا

مجیر اور مین مستجیر پس کسکو پکارے مستجیر سیوائے

الْمُجِيْرَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُجِيْبُ وَاَنَا الدَّاعِيْ

مجیر کے اے رب اے اللہ تو قبول کرنیوالا اور مین دعاکو

فَمَنْ يَّدْعُ الدَّاعِيْ اِلَّا الْمُجِيْبَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ

پس کسکو پکارے دعاکو سیوائے قبول کرنیوالے کے ای رب اے اللہ

اَنْتَ الْعَزِيْزُ وَاَنَا الذَّلِيْلُ فَمَنْ يَّدْعُ الذَّلِيْلُ اِلَّا

تو عزیز اور مین ذلیل پس کسکو پکارے ذلیل سیوائے

الْعَزِيْزِ يَارَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُعْطِيْ وَاَنَا السَّا

غریز کے اے رب اے اللہ تو معطی ہے اور ہم سائل

فَمَنْ يَّدْعُ السَّائِلُ اِلَّا الْمُعْطِيْ يَارَبِّ اَللّٰهُ

پس کسکو پکارے سائل سیوائے معطی کے اے رب اے اللہ

اَنْتَ الْوَهَّابُ وَاَنَا الْبَائِسُ فَمَنْ يَّدْ

تو وہاب اور ہم بائس پس کسکو پکارے

الْبَائِسُ اِلَّا الْوَهَّابَ يَارَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

بائس سیوائے وہاب کے اے رب اے اللہ تو

الْمُفَرِّحُ وَاَنَا الْمَغْمُوْمُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَغْمُوْمُ اِلَّ

مفرح اور ہم مغموم پس کسکو پکارے مغموم سیوا

الْمُفَرِّحَ يَارَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُنْجِيْ وَاَنَا الْغَرِ

مفرح کے اے رب اے اللہ تو منجی اور ہم غریق

فَمَنْ يَّدْعُ الْغَرِيْقُ اِلَّا الْمُنْجِيْ يَارَبِّ اَللّٰهُ

پس کسکو پکارے غریق سیوائے منجی کے اے رب اے اللہ

اَنْتَ الْكَاشِفُ وَاَنَا الْمُضْطَرُّ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُضْطَ

تو کاشف اور ہم مضطر پس کسکو پکارے مضطر

اِلَّا الْكَاشِفَ يَارَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الشَّافِيْ

سیوائے کاشف کے اے رب اے اللہ تو شافی

وَاَنَا الْعَلِيْلُ فَمَنْ يَّدْعُ الْعَلِيْلُ اِلَّا الشَّافِيْ

اور ہم علیل پس کسکو پکارے علیل سیوائے شافی کے

رَبِّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاٰمِنُ وَاَنَا الْخَائِفُ فَمَنْ

رب اے اللہ تو امن اور ہم خائف پس کسکو

دْعُ الْخَائِفُ اِلَّا الْاٰمِنُ یَارَبِّ اَللّٰھُمَّ

رے خائف سیوائے امن کے اے رب اے اللہ

نْتَ الْمُنْعِمُ وَاَنَا الْمُفْتَقِرُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُفْتَقِرُ

نعم ہے اور مین فقیر پس کسکو پکارے فقیر

اَلَّا الْمُنْعِمُ یَارَبِّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ سَیِّدِیْ وَ

سیوائے منعم کے اے رب اے اللہ تو سیدی اور

مَوْلَائِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَاَعْتِقْنِیْ مِنَ النَّارِ

مولائی ہے بخش میرے گناہ کو اور بچا آگ دوزخ سے

رَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۵ اور زمانہ نصاب مین

رحمت سے اپنے اے ارحم الراحمین ۵

ہلی اور گوشت گاؤ اور لہسن اور پیاز سے حتی الامکان پرہیز کرنا چاہیے

تیسری اجازت

حضرت اوستاذنا مولینا حاجی حکیم سید حفاظت حسین قدس سرہ

ے اور اونکو حضرت مولینا حاجی سید شاہ عبد الغنی مجددی رح

ے اور اونکو حضرت مولینا شاہ محمد اسحاق رح سے اور اونکو

ولینا شیخ المشایخ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رح سے

ور اونکو اپنے والد مولینا حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی سے

اور اونکو حضرت شیخ ابو طاہر مدنیؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ
احمد نخلیؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ عیسیٰ مغربیؒ سے اور اونکو
حضرت خواجہ ابو الصلاحؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ ابو العباسؒ
سے اور اونکو حضرت خواجہ ابو سعیدؒ سے اور اونکو حضرت
خواجہ عبد اللہ محمدؒ سے اور اونکو حضرت شیخ المشایخ ابو الفضل
محمدؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ ابو طیبؒ سے اور اونکو حضرت
خواجہ ابو الحسن محمدؒ سے اور اونکو حضرت خواجہ ابو الغرائم رضیؒ
سے اور اونکو حضرت خواجہ ابو الحسن شاذلیؒ سے اور اونکو
شیخ المشایخ حضرت خواجہ مولینا ابو الحسن علی شاذلی رحمہ اللہ
تعالیٰ سے حاصل ہوئی ہے۔ اور **طریقہ** زکوٰۃ دینی کا دو طرح
ہے۔ ایک کبیر دوسرا صغیر۔ **کبیر** یہ ترک جلالی و جمالی خصوصاً
ماہی و گوشت کا و چہار شنبہ یا پنجشنبہ یا جمعہ سے عروج ماہ
ثابت مین بارہ[۱۲] دن روزہ رکھے اور روزانہ دریا یا تالاب یا
کنوئین کے پانی سے بعد نماز صبح یا بعد نماز عصر یا بعد نماز عشا
نہا کر تہ بند نا دوختہ باندھے اور ایک چادر نا دوختہ اوڑھے مسجد
خواہ کوئی جگہہ پاک و صاف گوشہ تنہائی مین دوگانہ ادا کرے
دونون رکعتون مین بعد سورہ فاتحہ گیارہ گیارہ بار سورہ اخلاص

پڑھی اور بعد سلام سورہ یٰسٓ ایکبار اور آیۃ الکرسی چھ۶ بار
پڑھکر جہات ستہ کیطرف دم کرے اور فولاد کی چھری سے
گرد اپنے حصار کرتا جاے اسطرح چہار انگشت بعد حصار کرنیکے
اولٹی چھری کے نوک کو زمین مین اسطور سے کہ پشت چھری
اپنے طرف ہو۔ وقت پڑھنے کے سامنے نصب کرے اور خود
حصار کے اندر قبلہ رخ بیٹھکر ایک مرتبہ دعاے اعتصام
پڑھے پھر تیس۳۰ بار دعاے حزب البحر پڑھکر حصار سے باہر
آئے اور ہر روز اسیطور سے حصار کرکے مجرد حزب البحر
حصار کے اندر پڑھا کرے اور بخور لوبان وغیرہ بھی بہت ضرور
ہے اور اوسی جگہہ شب کو آرام بھی کرے جو کچھہ خواب مین دیکھے
کسی سے نہ کہے اور غذا نخود خواہ نان جو ایسی آگ مین پکاے
کہ کوئی شئے جاندار نہ مرجاے مثلاً لکڑی گھنی نہو بارہ۱۲ مین
روز حزب البحر معہ دعاے اختتام پڑھکر اعتکاف سے باہر آئے۔
صغیر جسکا نصاب تین۳ ہی دن ہے یعنی بدہ اور جمعرات
اور جمعہ ساتہ اونہین سب شرائط مذکورہ بالا روزانہ ایکسو
بیس۱۲۰ بار بعد نماز عشا پڑھا کرے شنبہ کے دن بعد نماز فجر
ایکمرتبہ پڑھکر اعتکاف سے باہر آئے اور ہر روز تین۳ مرتبہ یعنی

ف زکوٰۃ دعاے حزب البحر
بعد نماز فجر ایکبار اور
اگر تین روز مین ختم کرے
تو ہر روز ایکسو بیس بار
اور بارہ روز مین ختم کرے
تو ہر روز تین بار پڑھے اور
دعاے اعتصام بعد ختم
حزب البحر ایکبار پڑھے
بعد ختم دعاے اختتام
پڑھکر ختم کرے یعنی
اس حساب سے پہلے دن
دعاے اعتصام اور
آخر مین ایکبار اور
اختتام معہ اوراد
کے دو مرتبہ پڑھے
حزب البحر کا فائدہ
اگر اعتصام و اختتام
بڑھا کر ایکسو تیرہ
مرتبہ پڑھے
ظلمت

بعد نماز فجر و عصر و مغرب ایک ایک بار پڑھا کرے اور واسطے کسی حاجت کے اسم مناسب حاجت ستر مرتبہ یا سات مرتبہ یا پانچ مرتبہ پڑھکر دور تمام کرے۔

دعائے اعتصام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سورہ فاتحہ تا وَلَا الضَّالِّیْنَ ۱ ایکبار، آمین تین بار، آیت الکرسی تا عَظِیْمٌ ۱ ایکبار، وَاِذَا جَاءَکَ تا مُهْتَدِیْنَ ایکبار، ثُمَّ اَنْزَلَ تا بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۱ ایکبار، مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ تا عَظِیْمًا ایکبار، رَبِّ سَهِّلْ وَیَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَیْنَا یَا رَبِّ بِحَقِّ اَلِفْ بَا تَا ثَا جِیْم حَا خَا دَال ذَال رَا زَا سِیْن شِیْن صَاد ضَاد طَا ظَا عَیْن غَیْن فَا قَاف کَاف لَام مِیْم نُوْن وَاو هَا لَاء یَا ایکبار، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ تا رَحِیْم ایکبار،

دعائے حزب البحر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا عَلِیُّ تا اَنْتَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ایکبار، اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ تا غُرُوْرًا ایکبار، فَثَبِّتْنَا تا مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ ایکبار، کہف ۲۶ پڑھنے کے ساتھ فی حرف

دونون ہاتھون کی کنگلیے سے بند کرتا جاے اور اُنصُرنَا
سے رَازِقِیْنَ ۝ تک پانچ آیتین ہوین ایک ایک آیت پر
دونون ہاتھون کی کنگلیے سے کھولتا جاے پھر وَاحْفَظْنَا
فَاِنَّكَ خَیْرُ الْحَافِظِیْنَ ۝ وَهْدِنَا تا یَرْجِعُوْنَ
ایکبار ۝ یٰسٓ تا یُبْغَیْنِ ایکبار ۝ حٰمٓ آگے حٰمٓ دہنے
حٰمٓ باین حٰمٓ پیچھے حٰمٓ نیچے حٰمٓ اوپر حٰمٓ
تمام بدنپر ایکبار پڑہکر پھونکے پھر پڑھے رَفَعْتُ بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی
كُلَّ بَلَاءٍ وَّقَضَاءٍ یُّمْحٰی مِنْ هٰذِهِ الْجِهَاتِ
السِّتِّ تَأْمَنُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی مِنْ جَمِیْعِ
الْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ ایکبار ۝ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ایکبار ۝

دعاے اختتام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰهُ یَا نُوْرُ یَا حَقُّ یَا مُبِیْنُ اَكْسِنِیْ مِنْ نُوْرِكَ

وَعَلِّمْنِیْ مِنْ عِلْمِكَ وَفَهِّمْنِیْ عَنْكَ وَاَسْمِعْنِیْ

مِنْكَ وَابْصِرْنِي بِكَ وَاَقِمْنِي بِشُهُودِكَ

اپنی طرف سے اور دکھلا تو مجھکو حقایق اشیا کی اپنے اور قایم رکھہ مجھکو اپنی شہود سے

وَعَرِّفْنِي الطَّرِيقَ اِلَيْكَ وَهَوِّنْهَا عَلَيَّ

اور پہچنوا مجھکو راہ اپنی اور آرام دے اوس سے اوپر ہمارے

بِفَضْلِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ يَا

اپنے فضل سے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اے

سَمِيعُ يَا عَلِيمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيمُ يَا حَلِيمُ

سننے والے اے دانا اے بلند مرتبہ اے بزرگ اے بردبار

اِسْمَعْ دُعَائِي تَا دَافِعَ الْبَلَايَا اِيكبارہ ۝ يَا

سن تو میری دعا کو اے

سَامِعَ الدُّعَاءِ يَا حَاضِرًا لَيْسَ بِغَائِبٍ يَا

سننے والے دعا کے اے وہ ذات کہ حاضر ہے کسی وقت غایب نہین اے

مَوْجُودًا عِنْدَ الشَّدَائِدِ يَا خَفِيَّ اللُّطْفِ

وہ ذات کہ موجود ہے وقت سختیون کے اے پوشیدہ مہربانی کرنیوالے

يَا لَطِيفَ الصُّنْعِ يَا حَلِيمًا لَا يَعْجَلُ يَا جَوَادًا

اے پاکیزہ کار اے بردبار کہ نہین جلدی کرتا گرفت گناہونمین

لَا يَبْخَلُ اِقْضِ حَاجَاتِنَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

اے بخشش کرنیوالے کہ بخل نہین کرتا ہے پوری کر میری حاجت کو اپنی مہربانی سے اے مہربان

الرَّاحِمِينَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِاسْمِكَ

زیادہ تر مہربانون سے + اے اللہ مین تحقیق پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے نام کے

الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ السَّلَامِ الْمُنَزَّلِ الْقُدُّوْسِ

جو مخزون ہی پوشیدہ ہے سلام ہے اوتارا گیا ہے پاک ہے

الْمُقَدَّسِ الْمُطَهَّرِ تَا يَا هُوَ يَا مَنْ لَّا اِلٰهَ

پاکیزہ ہے پاک ہی ای وہ ذات کہ ہر مخلوق کا دل اوسی کیطرف

اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَّمْ يَعْلَمْ مَا هُوَ اِلَّا هُوَ ؕ

متوجہ ہین ای وہ ذات کہ نہین کوئی معبود سوا اوسکے ای وہ ذات کہ نہین جانتا اوسکی

يَا كَانُ تَا حَمِيْدُ مَّجِيْدُ ؕ

حقیقت کو مگر وہ -

چوتھی اجازت

حاجی الحرمین حضرت مولینا سید شاہ عبد الرزاق المشتہر
حضرت سید شاہ عطا حسین صاحب قبلہ مدظلہ العالی
سجادہ نشین قصبہ صاحب گنج ضلع گیا سے اور اونکو اپنے
جد امجد شیخ المشایخ حضرت سید شاہ غلام حسین قدس سرہ
داناپوری سے حاصل ہوئی ہے **طریقہ** زکوٰۃ دینے کا
یہ ہے کہ بہ ترک ماہی و گوشت گاؤ ماہ ثابت مین نوچندی
جمعرات سے تین دن تک بہ نیت زکوٰۃ حزب البحر روزہ
رکھے اور غسل کرکے کپڑا طاہر پہنکر عطر لگاکر مسجد یا کسی
گوشہ پاک مین بطور اعتکاف پنجشنبہ کے دن قبل دوپہر داخل ہو

وبعد نماز ظہر سورہ فاتحہ گیارہ بار اور سورہ اخلاص معہ تسمیہ
تین۳ بار اور آیت الکرسی ایکبار اور درود تاج سات بار پڑھ کر
دہنے ہاتھ کے انگشت شہادت پر تین۳ بار دم کرکے
مافی الضمیر حلقہ کا تین۳ مرتبہ حصار کرکے تین۳ دستک دے
اور دو زانو قبلہ رُخ بیٹھکر ایک مرتبہ دعاے حزب البحر
معہ دعاے اعتصام و دعاے اختتام پڑھے اسیطرح
معہ حصار بعد ہر نماز کے تین۳ دن تک پڑھا کرے

دعاے اعتصام

اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰہِ الْفَتَّاحِ الْفَیَّاضِ بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایکبار + سورہ فاتحہ ایکبار آمین
تین۳ بار آیت الکرسی ایکبار وَاِذَا جَاءَکَ تا
بِالْحَقِّ ایک بار

دعاے حزب البحر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰہُ تین۳ بار یَا عَلِیُّ تا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ایکبار
اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

تسلیما وصلی اللہ تا ارحم الراحمین ایکبار۔

دعای اختتام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ یا نور تا حمید مجید ایکبار ۔ اجب دعوتی
بفضلک وکرمک یا ارحم الراحمین ۔ الٰہی
بحق سر ہذہ الاسرار الخفیات وبحق اسمک
الاعظم ان حاجاتی تکون بحق سلام قولا
من رب رحیم ۔ سلام علی نوح فی العالمین ۔
سلام علی ابراہیم ۔ سلام علی موسی وہارون ۔
سلام علی الیاسین ۔ سلام علی المرسلین ۔
الحمد للہ رب العالمین ۔ سلام علیکم طبتم
فادخلوہا خالدین ۔ سلام ہی حتی مطلع
الفجر ۔ اللہم انی توسلت بسرک الخفی و
بکرمک الخفی اللہم انی توسلت بہذہ
الحزب الاعظم ان تقضی لنا جمیع حاجاتی و
مرادی وان تدفع عنا شر جمیع اعدائی و
حسادی الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل

اَلسَّاعَةَ السَّاعَةَ السَّاعَةَ بِحَقِّ اَحْيَا اَشْرَاهِيَا
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ پھر تیسرے دن بعد
نماز مغرب اس دعا کے ساتھ پڑھکر اعتکاف سے باہر آئے
پھر کوئی وقت مقرر کرکے ایکمرتبہ روزانہ معہ دعا کے پڑھا کرے ۔

دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَنْ يُّصِيْبَنَا اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا
تو کہہ ہمکو نہ پہونچیگا مگر وہی جو لکھا ہے اللہ نے ہمکو وہی ہمارا مولا ہے
وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ
اور اللہ ہی پر متوکلین توکل کرتے ہین اے خدا اے مہربان
وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ
اور اگر مجکو مبتلاے ضرر کرے تو اوسکے سوا کوئی کاشف خود نہین
اِلَّا هُوَ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِهٖ
اور اگر خیر عطا کرے تو کوئی اوسکے فضل کو روکنے والا نہین
يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ
اپنے بندون مین سے جسکو چاہتا ہے اوسکو خیر پہونچاتا ہے اور وہی بخشنے والا
الرَّحِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي
نہایت رحم والا ہے اے کرم کرنیوالا اے نہایت رحم والا اور زمین پر کوئی جاندار نہیں

الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

مگر یہ کہ اللہ پر اوسکا رزق ہے اور وہ جانتا ہے اوسکا ٹھکانا

وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

اور رہنے کی جگہہ ہر چیز کتاب مین ہے۔

يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ

اے جاننے والا اے حکمت والا مین نے اللہ پر جو میرا اور تمہارا رب ہی توکل کیا

وَرَبِّكُمْ مَّا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا

کوئی جاندار نہین ہے مگر یہ کہ اوسکی چوٹی اوسکے ہاتہ مین ہے

اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يَا جَلِيْلُ يَا

ہر آئینہ میرا رب صراط مستقیم کی ہدایت کرنے پر ہے اے جلال والا اے ٹوٹنے کا

جَبَّارُ وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا

جوڑنیوالا اور کتنے جانور ہین جو اوٹہا نہین رکہتے اپنی روزی

اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

اللہ دیتا ہی اونکو اور تمکو اور وہی سننا جانتا ہے

يَا وَلِيُّ يَا غَفُوْرُ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ رَحْمَةٍ

اے وارث خلق اے بخشنے والا جب اللہ اوہنون پر رحمت نازل کرنے لگتا ہے

فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ

تو اوسکا کوئی روکنے والا نہین اور بند کردیتا ہی تو کوئی اوسکے بعد نازل کرنیوالا نہین

مِنْ بَعْدِهٖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ يَا سَتَّارُ

اور وہی عزیز حکیم ہے اے چہپانے والا

يَا قَهَّارُ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اے غصہ ہونیوالا اور اگر اون سے تملوگ پوچھو کہ آسمان

وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ قُلْ اَفَرَاَيْتُمْ مَّا

و زمین کسنے پیدا کئے ہین تو وہ بول اوٹھینگے کہ اللہ تم ذرا پوچھو کہ جن غیر اللہ کو

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ

کفار پکارتے ہین اگر اللہ میرے ضرر کا ارادہ کرے تو کیا اوس ضرر کو

بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖ اَوْ اَرَادَنِيْ

دور کر سکتے ہین یا اگر مجھپر رحمت کا ارادہ کرے

بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ

تو وہ روک سکتے ہین کہو کہ مجھکو اللہ کافی ہے

عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ يَا شَكُوْرُ يَا وَدُوْدُ

اوسی پر توکل والی بھروسا کرتے ہین اے قدر والا اے رحمت کرنے والا

اور جب کوئی مشکل پیش آوے حسب معمول دعای حزب البحر

پڑھکر خمسہ ذیل کو پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت چاہے +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا سَامِعَ الدُّعَاءِ	وَيَا فَاطِرَ السَّمَاءِ
اے سننے والا دعا کا	اور اے بنانے والا آسمان کا
وَيَا دَائِمَ الْبَقَاءِ	وَيَا وَاسِعَ الْعَطَاءِ
اور اے ہمیشہ باقی رہنے والا	اور اے بڑا داتا

لِذِی الْفَنَاقَةِ الْعَدِیْم

واسطے محتاج بے حقیقت کے

۵۱

وَیَا عَالِمَ الْغُیُوْب

اور ای جہی ذوئی باتونکا جاننے والا

وَیَا سَاتِرَ الْعُیُوْب

اور ای عیبون کا چھپانے والا

وَیَا غَافِرَ الذُّنُوْب

اور اے گناہونکا بخشنے والا

وَیَا کَاشِفَ الْکُرُوْب

اور ای مشکلون کا دفع کرنیوالا

عَنِ الْمُحِقِّ الْکَظِیْم

غم کھانے والے پریشان سے

۵۲

وَیَا ثَابِتَ الصِّفَات

اور ای ثابت صفتون والا

وَیَا جَامِعَ الشَّتَّات

اور ای پراگندہ چیزونکو اکٹھا کرنیوالا

وَیَا مُخْرِجَ النَّبَات

اور ای کھانسون کا نکالنے والا

وَیَا مُنْشِیَ الرُّفَات

اور ای پیدا کرنیوالا خاک کا

مِنَ الْاَعْظُمِ الرَّمِیْم

سڑی ہوئی ہڈیون سے

۵۳

وَیَا مُنْزِلَ الْغَیَاث

اور ای برسانیوالے پانی کے

مِنَ الدَّلْحِ الْحُثَاث

تیز برسنے والے بادل سے

عَلَی الْحَزْنِ وَالرِّمَاث

سخت اور نرم زمین پر

اِلَی الْجُوْعِ الْغِرَاث

طرف بھوکی پیاسی زمین کے

مِنَ الْهَزْمِ الرَّذُوْم

ایسا موسل دھار کہ جلدی نہ ٹھہرے

۵۱ واسطے دفع آفتہا وظہرات کے یا بخار وھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو عالم الغیب والشہادۃ ھو الرحمن الرحیم ۳۳ بار یا ۴۱ بار یا ۴۱ دن تک

۵۲ واسطے بہلے ہوئے کے یا ۴۱ دن تک ہر روز ۴۱ بار یا جامع المتفرقات عالم بین المتفرقین ۴۱ بار روز

۵۳ واسطے دفع شر مضار ربات تار شر مضار بالغفر ذنب یا ۴۱ بار ۴۱ دن یا ۴۱ موقف ظلمہ

۵۱ وَيَا خَالِقَ الْبُرُوْجِ — اور اے پیدا کرنیوالا برجون کا
سَمَآءً بِلَا فُرُوْجٍ — آسمان مین جنمین سوراخ نہین

مَعَ الَّيْلِ ذِي الْوُلُوْجِ — ساتھ آجانیوالی رات کے
عَلَى الضَّوْءِ ذِي الْبُلُوْجِ — دن کی روشنی چکا چوندہ پر

۵۲ يُغْشِي سَنَا النُّجُوْمِ — چھپا دیتا ہی روشنی کو ستارون کے

وَيَا فَالِقَ الصَّبَاحِ — اور اے ظاہر کرنے والا صبحون کا
وَيَا مُرْسِلَ الرِّيَاحِ — اور اے چلانیوالا ہواؤن کا

بُكُوْرًا مَّعَ الرَّوَاحِ — جو اوٹھانیوالی ہین تاریکی کو مثل شب کے
يَهُوْلُنَ فِي النَّوَاحِ — پھیل جاتی ہین ادہر اودہر

۵۳ فَيُنْشِئَانِ فِي الْغُيُوْمِ — پس پیدا کردیتی ہین ابر تاریک کو

وَيَا مُرْسِيَ الشَّوَامِخِ — اور اے بلند پہاڑونکی گاڑنیوالے
فِي أَرْضِهِ السَّوَامِخِ — موٹی زمینون مین

أَطْوَادُهَا الْبَوَاذِخُ — اوسکی تودی نہایت ہی سربلند ہین
أَوْتَادُهَا الرَّوَاسِخُ — میخین اوسکی مضبوط گڑی ہین

۵۴ مِنْ صُنْعِهِ الْقَدِيْمِ — اوسکی پرانی کاریگری سے

وَيَا هَادِيَ الرَّشَادِ — اور اے سیدہی راہ سونگھا دکھانے والا
وَيَا مُلْهِمَ السَّدَادِ — اور اے سیدہی راہ کا دلمین ڈالنے والا

وَيَا رَازِقَ الْعِبَادِ	وَيَا مُحْيِيَ الْبِلَادِ
اور اے بندون کو روزی دینے والا	اور اے شہرونکو آباد کرنے والا
وَيَا فَارِجَ الْغُمُومِ	
اور اے غمون کا دور کرنے والا	
وَيَا مَنْ بِهِ أَعُوذُ	وَيَا مَنْ بِهِ أَلُوذُ
اور اے وہ ذات جسکی پناہ پکڑون	اور اے وہ ذات جسکی دوہائی مین آؤن
وَمَنْ حُكْمُهُ النُّفُوذُ	وَمَنْ عَنْهُ لِي شُذُوذُ
اور وہ ذات جسکا حکم جاری ہے	اور وہ جس سے میری مخلصی ہے
لَكَ الْحَمْدُ يَا حَلِيمُ	
تیری ہی لئے تعریف ہے اے حکمت والے	
وَيَا مُطْلِقَ الْأَسِيرِ	وَيَا جَابِرَ الْكَسِيرِ
اور اے قیدی کے چھوڑنے والے	اور اے دبانیوالا بڑے کا
وَيَا غَاذِيَ الصَّغِيرِ	وَيَا مُغْنِيَ الْفَقِيرِ
اور اے غذا دینے والا بچون کا	اور اے بے پرواکرنیوالا محتاج کو
وَيَا شَافِيَ السَّقِيمِ	
اور اے صحت دینے والا بیمارون کا	
وَيَا مَنْ بِهِ اعْتِزَازُ	وَيَا مَنْ بِهِ احْتِرَازُ
اور اے وہ ذات کہ اوسی سے عزت پاتی ہے	اور اے وہ ذات کہ اوسی سے بچاؤ ہے
مِنَ الذُّلِّ وَالْمَخَازِي	وَالْآفَاتِ وَالْمَرَازِي
ذلت اور بے آبروئی سے	اور آفتون و برائیون سے

۵۱ اکتالیس بار پڑھے شروع سے دشمن سے بچے رہے ۱۲

۵۲ درمیان سے دشمن کرشان بار ۱۰۰ بار پڑھے ۱۲

۵۳ درمیان سے دشمن و غیرہ سے بچا رہے ۱۲

	اَعِذْنِیْ مِنَ الْھُمُوْمِ
۱۱	بچا مجکو غمون سے
وَمِنْ جِنَّۃٍ وَّاِنْسٍ	لِذِکْرِ الْمَعَادِ مُنْسٍ
اور بچا مجکو ایسے جنات وانسان سے	جو قیامت کی یاد کو بھولا نیوالے ہین
وَلِلْقَلْبِ غَیِّ مُقْسٍ	وَمِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ
اور دل کو ہلاک وشقی کرنیوالے ہین	اور بچا برائی سے ہر نفس کے
وَشَیْطَانِھَا الرَّجِیْمِ	
۱۲	اور اوسکے شیطان مردود سے
وَیَا مُنْزِلَ الْمَعَاشِ	عَلَی النَّاسِ وَالْمَوَاشِ
اور اے اوتارنیوالے روزی کے	سب آدمیون اور چوپایون کے لئے
وَالْاَفْرَاحِ وَالْعَشَاشِ	مِنَ الطُّعْمِ وَالرِّیَاشِ
اور چھوٹی چوزون اور گھونسلونکی بچونکے لئے	کھانا اور سامان روزی کا
	تَحَنَّنْتَ یَا رَحِیْمُ
۱۳	مہربانی کی ہے تو نے اے بڑا مہربان
وَیَا مَالِکَ النَّوَاصِیْ	مِنْ طَائِعٍ وَّعَاصٍ
اور اے مالک چوٹیون کا	ہر فرمان بردار ونافرمان کے
فَمَا عَنْکَ مِنْ مَنَاصٍ	لِعَبْدٍ وَّلَا اِخْلَاصٍ
پس تجھسے گریز کی جگہ نہین ہے	کسی بندہ کو اور نہ چھٹکارا ہے
	لِمَاضٍ وَّلَا مُقْبِلٍ
	نہ پہلونکو نہ جو اب موجود ہین

۱۱ واسطے دور ہونے رنج واندوہ اعدا کے جالیس بار پڑھے ۱۲ ام

۱۲ واسطے فراخی معاش کے اکتالیس بار پڑھے ۱۲ ام

۱۳ واسطے تنجیر خلائق کے اکتالیس بار پڑھے ۱۲ ام

للہ پڑھے ۱۲ ام

۵۱ وَيَا خَيْرَ مُسْتَفَاضٍ	لِمَحْضِ الْيَقِيْنِ رَاضٍ
اور ای بہتر عوض دینے والا	صرف یقین سے راضی ہے
بِمَا هُوَ عَلَيْهِ قَاضٍ	مِنْ اَحْكَامِهِ الْمُرَاضِ
اوسپر جسکا حکم ہو چکا ہے	ای پسندیدہ حکموں کے لئے
۵۲ تَقَدَّسْتَ يَا كَرِيْمُ	
پاک ہے تو اے بزرگ	
وَيَا مَنْ بِنَا مُحِيْطٌ	وَعَنَّا الْاَذٰى يُمِيْطُ
اور ای وہ ذات جو مجھی گھیرے ہوئی ہے	اور برائی کو مجھسے دور کرتا ہے
وَمَنْ مُلْكُهُ الْبَسِيْطُ	وَمَنْ حُكْمُهُ الْقَسِيْطُ
اور جسکا ملک پھیلا ہوا ہے	اور جسکا حکم ناطق ہے
۵۳ عَلَى الْبَرِّ وَالْاَثِيْمِ	
ہر نیک و بد پر	
وَيَا رَائِيَ اللُّحُوْظِ	وَيَا سَامِعَ اللَّفُوْظِ
اور ای دیکھنے والا آنکھہ کی حرکتوں کا	اور ای سننے والا لفظوں کا
يَا حَصَائِهِ الْحُفُوْظِ	وَيَا قَاسِمَ الْحُظُوْظِ
پوری طور پر اوسی شمار کرکے	اور ای بانٹنے والا حصوں کا
۵۴ بِعَدْلٍ مِّنَ الْقُسُوْمِ	
مساوی طور پر سبکو	
وَيَا مَنْ هُوَ السَّمِيْعُ	وَمَنْ عَرْشُهُ الرَّفِيْعُ
اور ای خدا بڑا سننے والا	اور ای خدا بلند عرش کا مالک

۵۱ واسطے توفی علم کے
۵۲ واسطے سہولت مشکلات کے
۵۳ واسطے رفع دشمن و زبان بندی کے
۵۴ واسطے محبت کے

وَمَنْ خَلْقُهُ الْبَدِيْعُ	وَمَنْ جَارُهُ الْمَنِيْعُ
اور ای خدا نئی مخلوقون کا پیدا کرنیوالا	اور ای خدا بزرگ ہمسایہ والا
مِنَ الظَّالِمِ الْغَشُوْمِ	
ظالم بدذات سے	
وَيَا مَنْ حَبَا فَأَسْبَغَ	مَا قَدْ هَنَا وَسَوَّغَ
اور ای وہ خدا جسنے پوری پوری بخشش کی	اوس چیز کی جو خوشگوار ہو اور آسودہ کرے
وَيَا مَنْ كَفَى وَبَلَّغَ	مَا قَدْ صَفَى وَأَفْرَغَ
اور ای وہ خدا جو کافی ہی اور پہونچا دیا	اوس چیز کو جو صاف ہی اور بہا یا
مِنْ مَنِّهِ الْعَظِيْمِ	
اپنی بڑی احسان کے سبب سے	
وَيَا مَلْجَأَ الضَّعِيْفِ	وَيَا مَفْزَعَ اللَّهِيْفِ
اور ای پناہ کی جگہہ کمزورون کی	اور ای فریاد رس پریشان تنگدست کے
تَبَارَكْتَ يَا لَطِيْفُ	رَحِيْمٌ بِنَا رَؤُفٌ
بہت بڑا ہی تو ای چھپی ہوئی باتونکا	بڑا مہربان ہی ہمپر اور شفقت کرنیوالا
حَكِيْمٌ بِنَا عَلِيْمٌ	
حکمت والا ہی ہمارے ساتھ اور جاننے والا ہی	
وَيَا مَنْ قَضَى بِحَقٍّ	عَلَى نَفْسِ كُلِّ خَلْقٍ
اور ای وہ خدا جسنے سچا حکم دیا ہے	نفس پر ہر مخلوق کے
وَفَاةً بِكُلِّ أُفُقٍ	فَمَا يَنْفَعُ التَّوَقِّيْ
زندگی تمام کرنیکو ہر کنارہ پر	پس نہین نفع دیگا بچنا

واسطے آسانی مشکل کے یا جامع یا مانع یا مغنی یا ضار یا نافع یا نور یا ہادی یا بدیع یا باقی

واسطے بیکسی زبان خصمے کے شان یا حافظ یا رقیب یا حسیب یا مقیت یا جلیل یا کریم یا رقیب

واسطے رفع وغیرہ کے یا حفیظ یا

مِنَ الْمَوْتِ وَالْجُسُوْمِ

موت اور لذتونکی کاٹنے والی سے

۵۱

تَرَانِیْ وَلَا اَرَاکَ — وَلَا رَبَّ لِیْ سِوَاکَ

تو دیکھتا ہی مجھے اور میں نہیں دیکھتا تجھے — اور میرا کوئی مالک نہیں سوا تیرے ہے

فَقُدْنِیْ اِلٰی رِضَاکَ — وَلَا تُغْشِنِیْ رِدَاکَ

پس کھینچ لی مجھکو اپنی مرضی کیطرف — اور نہ باز رکھہ مجھسے یاری اپنی

بِتَوْفِیْقِكَ الْعُصُوْمِ

بسبب اپنی بچانیوالی توفیق کے

۵۲

وَیَا رَبَّ ذَا الْجَلَالِ — وَذَا الْعِزِّ وَالْکَمَالِ

اور اے مالک بزرگی والا — اور عزت و کمال والا

وَذَا الْمَجْدِ وَالْمَعَالِ — وَذَا الْکَیْدِ وَالْمَالِ

اور مرتبہ و بلندی والا — اور داؤ و گھات والا

تَعَالَیْتَ یَا حَلِیْمُ

برتر ہے تو اے بردبار

۵۳

اَجِرْنِیْ مِنَ الْجَحِیْمِ — وَمِنْ حَرِّهَا الْاَلِیْمِ

بچا مجھے دوزخ سے — اور اوسکی دکھہ دینیوالی گرمی سے

وَمِنْ عَیْشِهَا الذَّمِیْمِ — وَمِنْ خِزْیِهَا الْمُقِیْمِ

اور اوسکی بری زندگی سے — اور اوسکی ہمیشہ کی رسوائی سے

وَمِنْ مَائِهَا الْحَمِیْمِ

اور اوسکے گرم پانی سے

۵۱ واسطے ترقیات باطن کے پڑھکر یا لطیف سو بار پڑھکر ۱۲

۵۲ واسطے نورانیت کے نور پڑھکر سو بار پڑھکر ۱۲

۵۳ واسطے حصول نور باطن کے پڑھکر سو بار پڑھکر ۱۲

وَاَصْحِبْنِیَ الْقُرْاٰنَ	وَاَسْكِنِّیَ الْجِنَانَ
اور ساتھ رکھ میرا قرآن مجید سے	اور جگہ رہنے کی دے بہشت مین
وَزَوِّجْنِیَ الْحِسَانَ	وَنَاوِلْنِیَ الْاَمَانَ
اور جوڑا کر میرا خوبصورت حورون سے	اور مجھی بیخوفی مرحمت فرما

اِلٰی جَنَّةِ النَّعِیْمِ

۵۲ طرف نعمت والی جنت کے

اِلٰی نِعْمَةٍ وَّلَهْوٍ	بِغَیْرِ اِسْتِمَاعِ لَغْوٍ
طرف نعمت وعیش کے	بغیر سنے کسی بری بات کے
وَّلَا بَادِیْ كَارِ شَجْبٍ	وَّلَا بِاعْتِدَادِ شَكْوٍ
اور نہ یاد کرے کسی شتم کے	اور نہ واقع ہو کسی شکایت کے

سَقِیْمٍ وَّلَا كَلِیْمٍ

۵۳ بسبب بیمار ہونے یا خستہ ہونے کے

اِلَی الْمَنْظَرِ النَّزِیْهِ	بِمَا لَیْسَ لَغْوَ فِیْهِ
طرف پاک جگہ دیکھنے کے	جسمین کوئی برائی نہین ہے
هَنِیًّا لِّسَاكِنِیْهِ	فَطُوْبٰی لِعَامِرِیْهِ
خوشی ہو وہان کے رہنے والون کو	پس مبارک ہو وہانکے بسنے والون کو

ذَوِی الْمَدْخَلِ الْكَرِیْمِ

۵۴ جو عمدہ جگہ مین جانیوالے ہین

اِلٰی مَنْزِلٍ تَعَالٰی	بِالْحُسْنٰی قَدْ تَوَالٰی
طرف برتر فرودگاہ کے	جسمین سراسر بھلائی ہے

الابواب چودہ بار چودہ دن تک پڑھے ۱۲ م

۵۱ واسطے الفت زن وشوہر کے سات بار پڑھے ۱۲ م یا حسین ویا مظلوم چودہ بار تین دن تک پڑھے ۱۲ ۱۲

۵۲ واسطے حاکم قلب وروزی دین کے سات بار پڑھے ۱۲ م یا منعم ومحسن بار اکتالیس روز تک پڑھے ۱۲ ۱۲

۵۳ واسطے بھلون وچین وبقاء کے اکاون مرتبہ پڑھے ۱۲ م یا مسبب الاسباب سو بار روز تک پڑھے ۱۲ ۱۲

۵۴ واسطے صول تعالیٰ کے سات بار پڑھے ۱۲ م یا محسن

النُّورِ قَدْ تَلَا لَا | تَلْقٰى بِهِ الْجَلَا لَا
سے چمک رہا ہے | ملے تو بسبب اوسکے بزرگی سے

مِنْ بَارِئِ النَّسِيْمِ
پیدا کرنیوالے سو نسیم کے

لٰى الْمَلْبَسِ الْبَهِيِّ | اِلَى الْمَفْرَشِ الْوَطِيِّ
رف قیمتی لباسون کے | طرف فرش لبنے پوشنے کے

لٰى الْمَطْعَمِ الشَّهِيِّ | اِلَى الْمَشْرَبِ الرَّوِيِّ
رف مزیدار کھانے کے | طرف خوشگوار پانی کے

مِنَ السَّلْسَلِ الْخَتِيْمِ
نہر سلسبیل سی جسمین مہر لگی ہے

وَيَا وَالِى الْوَلِيِّ | صَلُّوْا عَلَى النَّبِيِّ
ور اے مالک اپنے دوستون کا | رحمت بھیج اپنے نبی پر

وَعَلٰى اٰلِهِ التَّقِيِّ | اِرْحَمْ عَلَى الْعَلِيِّ
ور آپکے آل پرہیزگار پر | رحم کر علیؑ پر

بِاِحْسَانِكَ الْقَدِيْمِ
اپنی قدیم نیکی و مہربانی سے

واسطے نفقہ
رغیب کے پانچ بار
یکھ یا قاضی
حاجات سنو
مرتبہ روزانہ پڑھے
کرے ۱۲ بار

واسطے حفاظت
سفر خشکی و دریا کے
سات بار یہ نام
یا حفیظ ۱۲ بار
پڑھے ۱۲ بار

پانچوین اجازت

جناب مولوی سید ارشاد حسین صاحب دام مجدہ سے اور
اونکو جناب حضرت مولانا حاجی شاہ بدرالدین صاحب
پہلواروی مدظلہ سے اور اونکو جناب حضرت مولینا حاجی
امداد اللہ صاحب مدظلہ العالی سے ملی ہے **طریقہ** نصاب
واسطے ادای زکوٰۃ یہ ہے کہ پانچوین صفر کو قبل غروب
آفتاب بہ نیت عبادت حق تعالیٰ تین دن کے اعتکاف کی
نیت سے مسجد مین داخل ہو اور بعد نماز مغرب دعای حزب البحر
ایک مرتبہ معہ دعاے اعتصام و دعاے اختتام پڑھے
اور بعد نماز عشا ایک مرتبہ پھر چھٹی کو روزہ رکھے اور
بوقت چاشت ایک مرتبہ پڑھے اسیطرح آٹھوین تک پڑھے
اور روزہ رکھے نوین شب کو بعد نماز مغرب پڑھکر اعتکاف سے
باہر آئے اور پہلے سے سامان **دعوت** کا مہیا رہے کہ
اعتکاف سے باہر آکر ہمراہ صالحین کھانا کھاے اور اسکا
ثواب شیخ ابوالحسن علی شاذلی رح کو بخشے گوشت گاؤ وغیرہ حلال
چیزون سے پرہیز اسمین کسی وقت کچھہ ضرور نہین۔ اور
اعتکاف سے جب باہر آئے تو ہر روز ایکمرتبہ حزب البحر کا وظیفہ رکھے

دعاء اعتصام

بسم الله الرحمن الرحيم

قل هو الله احد ۝ الله الصمد ۝ لم يلد ولم

کہہ وہ اللہ ایک ہے اللہ نرادنا رہے نہ کسی کو جنا اور

يولد ۝ ولم يكن له كفوا احد ۝ من شر

کسی سے جنا اور نہیں اوسکے جوڑ کا کوئی

قل اعوذ برب الفلق ۝ من شر ما خلق ۝

کہہ مین پناہ مین آیا صبح کے رب کے ہر چیز کی بدی سے جو اوسنے بنائی

ومن شر غاسق اذا وقب ۝ ومن شر النفثت

اور بدی سے اندھیری کی جب سمٹ آوے اور بدی سے عورتون کے

في العقد ۝ ومن شر حاسد اذا حسد ۝ ايكباره

گرہون مین پھونکین اور بدی سے جلا جاہنے والے کی جب لگے ہونے

قل اعوذ برب الناس ۝ ملك الناس ۝

کہہ مین پناہ مین آیا لوگون کے رب کی لوگون کے بادشاہ کے

اله الناس ۝ من شر الوسواس الخناس ۝

لوگون کے پوجے کی بدی سے اوسکے جو سنکارے اور چھپ جاوے

الذي يوسوس في صدور الناس من

جو خیال ڈالتا ہے لوگون کے دل مین

---

۳ ترمذی شریف مین راوی ہے عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال قال رسول اللہ ﷺ ایات بر مثلهن قل اعوذ برب الناس الی آخرۃ السورۃ وقل اعوذ برب الفلق الی آخر السورۃ یعنی آنحضرت صلعم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے سامنے خدا کی ایسی پناہ مانگنے والے کی مین نازل کی ہین

۲ سنہ مین روی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابغیر احدکم ان یقرء ثلث القرآن فی لیلۃ قالوا وکیف یقرء ثلث القرآن قال قل هو الله احد تعدل ثلث القرآن یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم مین کسی سے ہوسکتا ہے کہ تہائی قرآن کی پڑھے صحابہ نے عرض کی کہ کیونکر پڑھے رسول اللہ صلعم نے ارشاد فرمایا کہ قل هو اللہ احد قرآن کی تہائی کے برابر ہے ۱۲

---

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲

فقیر مصنف ۱۲۱۲ محمود بخش گلشن دہ دہلی ہند

الجنة والناس ایکبارہ الحمد للہ رب

جنون مین اور آدمیون مین سب تعریف اللہ کو ہے جو صاحب

العلمین ۰ الرحمن الرحیم ۰ ملک

سارے جہان کا بہت مہربان نہایت رحم والا مالک

یوم الدین ۰ ایاک نعبد وایاک

انصاف کے دن کا تجھی کو بندگی کرتے ہین اور تجھی سے

نستعین ۰ اھدنا الصراط المستقیم

مدد چاہتے ہین چلا ہمکو راہ سیدہی

صراط الذین انعمت علیھم غیر

راہ اون لوگون کی کہ فضل کیا ہے تو نے اوپر انکے سیوائے اونکے

المغضوب علیھم ولا الضالین

غضب کیا ہے اوپر اونکے اور نہ بہکا نیوالون کے

ایک بارہ اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم

اللہ نہ کوئی معبود سوا اوسکے زندہ ہے ہمیشہ رہنے والا ہے

لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی

نہین پکڑتی اوسکو اونگھہ اور نہ نیند واسطے اوسکے ہے جو کچھہ

السموات وما فی الارض من ذا الذی

آسمانون مین اور جو کچھہ ہے زمین کے ہے کون ہے جو

یشفع عندہ الا باذنہ ۰ یعلم ما بین

سفارش کرے نزدیک اوسکے مگر ساتھہ حکم اوسکے کے جانتا ہے جو کچھہ آگے

---

۴۲ ایک بار آیۃ الکرسی

قال رسول اللہ صلعم من قرأ آیۃ الکرسی فی فاتحۃ الکتاب فقد اخذ من مفتاح من الجنۃ کلہا یعنی فتح لہ باب کل درجۃ فی الجنۃ

فرمایا رسول اللہ صلعم نے جس نے پڑہی آیۃ الکرسی فاتحہ کتاب مین تحقیق اوسنے لیا کنجی سے ہر دروازے بہشت کی یعنی کھولدیا اوسکے لئے ہر درجہ بہشت کا

قال رجل یا رسول اللہ ای سورۃ القرآن اعظم قال اللہ ورسولہ اعلم فقال ای سورۃ القرآن اعظم قال اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم یعنی ایک مرد نے آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ یا رسول اللہ کون سی سورہ اعظم ہے قرآن مین فرمایا کہ اللہ اور رسول اللہ بہتر جانتے ہین پھر پوچھا کہ کون سی سورہ اعظم ہے قرآن مین فرمایا کہ آیۃ الکرسی

۱۲ مصنف علیہ

دیہم وما خلفہم ولا یحیطون

اونکے ہے اور جو کچھہ پیچھے اونکے ہے اور نہین گھیرتے

ی ءٍ من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ

سی چیز کے علم اوسکے سے مگر ساتہ اوسکے کہ چاہی سمالیا کرسی اوسکی نے

سموت والارض ولا یئودہ حفظہما

انون کو اور زمین کو اور نہین تہکاتی اوسکو نگہبانی اون دونو نکی

ھو العلی العظیم لا اکراہ فی الدین

وہ ہے بلند مرتبہ بڑا نہین دین کی بات مین

ن تبین الرشد من الغی فمن یکفر

ل چکی ہے صلاحیت اور بیراہی اب جو کوئی منکر ہو

لطاغوت ویؤمن باللہ فقد استمسک

سے اور یقین لاوے اللہ پر اوسنے پکڑی جگہ مضبوط

العروۃ الوثقی لا انفصام لہا واللہ

ٹوٹنے والی نہین اور اللہ

یع علیم اللہ ولی الذین امنوا یخرجہم

ا ہی جانتا ہے اللہ کام بنانیوالا ہے ایمان والون کا نکالتا ہی

ن الظلمات الی النور والذین

کالکر اندہیرون سے اوجالے مین اور وہ جو

فروا اولیاءہم الطاغوت یخرجونہم

کافر ہین اونکے رفیق ہین شیطان نکالتے ہین اونکو

مِنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰ

اوجالے سے اندھیرے مین وہ ہین دوزخ والے

النَّارِ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ایک بارڈاعتصم

وہ اوسی مین پڑے بھروسا کرتا ہون مین

بِاللّٰهِ الْفَتَّاحِ الْقَابِضِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِ

ساتہ اللہ کے جو کہولنے والا اور بند کرنیوالا ہی پناہ مانگتا ہونمین ساتہ اللہ شنوا

الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ

دانا کے شیطان گمراہ سے شروع اللہ کے نام سے

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِذَا جَاۗءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

جو بڑا مہربان نہایت رحم والا اور جب آوین تیری پاس وہ لوگ کہ ایمان لاتے ہین

بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ

ساتہ نشانیون ہماری کے پس کہہ سلامتی ہی اوپر تمہاری لکہی ہی پروردگار تمہارے نے

عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ

اوپر اپنی ذات کے مہربانی یہ کہ تحقیق جو کوئی عمل کرے تم مین سے

سُوْۗءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهٖ وَ

برا کام ساتہ نادانی کے پہر توبہ کرے پیچھے اوسکے اور

اَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وَكَذٰلِكَ

نیکی کرے پس تحقیق وہ بخشنے والا مہربان ہے اور اسیطرح جدا جدا بیان کرتے

نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ

ہم نشانیان اور تاکہ ظاہر ہو جاوے راہ گنہگارون کی

قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ

کہ تحقیق مین منع کیا گیا ہون یہ کہ عبادت کرون اونکو کہ پکارتے ہو تم

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ

سوا خدا کے کہہ نہین پیروی کرتا مین خواہشون تمہاری کی تحقیق

ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِیْنَ ۝ ثُمَّ

گمراہ ہو جاؤن مین اوسوقت اور نہ ہونگا مین راہ پانیوالون سے پھر

اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا

اوتارا تمپر پیچھے غم امن اونگھہ اتھی

یَّغْشٰی طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ

کہ ڈھانکتی تھی ایک جماعت کو تم مین سے اور ایک جماعت تھی کہ تحقیق

اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ

فکر مین ڈالا تھا اونکو جانون اونکی نے گمان کرتے تھے ساتھ اللہ کے سوای حق کے

ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ ؕ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ

گمان جاہلیت کا کہتے تھے آیا ہے واسطے ہمارے

الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ

اختیار سے کچھ چیز کہہ تو تحقیق اختیار واسطے اللہ کے ہے

یُخْفُوْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ؕ

چھپاتے ہین دلون مین اپنے کے وہ چیز کہ نہین ظاہر کرتے واسطے تیرے

یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا

کہتے ہین اگر ہوتا واسطے ہمارے اختیار سے کچھہ نہ ماری جاتے ہم

پارہ ۴ رکوع ۱۲

هٰهُنَا ۚ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ

